ناخن کاٹنے کا طریقہ

فتوی نمبر: WAT-847

تاریخ اجراء: 26شوال المکرم1443ھ /28مئی 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ناخن کاٹنے کا سنت طریقہ ارشاد فرمادیں۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ہاتھ کے ناخن کاٹنے کے حوالے سے مختلف روایات منقول ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ پہلے دائیں ہاتھ کے ناخنوں کو اس طرح تراشے کہ سب سے پہلے چھنگلیا (چھوٹی انگلی)، پھر بیچ والی، پھر انگوٹھا، پھر منجھلی (یعنی چھوٹی انگلی اور بیچ والی انگلی کے درمیان والی) انگلی، پھر شہادت والی انگلی کا ناخن کاٹے۔ اس کے بعد بائیں ہاتھ کے ناخن اس طرح کاٹے کہ پہلے انگوٹھا، پھر بیچ والی، پھر چھنگلیا، پھر شہادت والی اور پھر منجھلی انگلی کے ناخن کاٹے۔

ایک دوسرا اور آسان طریقہ ہے اور وہ بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، وہ یہ کہ دائیں ہاتھ کے کلمہ (شہادت) والی انگلی سے شروع کرے اور چھوٹی انگلی تک ناخن کاٹ لے، اس ہاتھ کا صرف انگوٹھا رہ جائے گا۔ پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کرکے انگوٹھے سمیت تمام انگلیوں کے بالترتیب ناخن کاٹ لے اور آخر میں دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹ لے۔

نوٹ: یہ طریقہ لکھنے کے بعد صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہ، کا بھی یہی معمول تھا اور یہ فقیر بھی اسی پر عمل کرتا ہے۔"

پاؤں کے ناخن کاٹنے کی کوئی ترتیب منقول نہیں۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کی جو ترتیب ہے اسی ترتیب سے ناخن کاٹے یعنی پہلے دائیں پاؤں کی چھنگلیا (چھوٹی انگلی) سے شروع کرکے انگوٹھے پر ختم کرے پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کرکے چھنگلیا پر ختم کرے۔ (ملخصا از بہار شریعت، ج03، حصہ16، ص583-584، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابوصدیق محمد ابوبکر عطاری

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net